# 9 نقشے اور راستے





رخسار اپنی ماں کے ساتھ اپنی دادی سے ملنے ان کے گاؤں گئی۔ اس نے اپنی ماں سے یہ سوال پوچھا۔

رخسار کی ماں نے ذیل کی اشکال بنا کر اس کو دکھایا۔



رخسار: اوپر کے اشکال، گھر کے صرف باہری حصے کو ظاہر کرتے ہیں۔ لیکن میں یہ کیسے جان سکتی ہوں کہ اس گھر میں کتنے کمرے، کتنے دروازے اور کتنی کھڑکیاں ہیں۔

تب رخسار کی ماں ذیل میں دیا گیا نقشہ بناتی ہیں۔




SCERT TELANGANA



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

شکل میں نقشے کا نچلہ حصّہ گھر کے اگلے رُخ ( سامنے کے حصّے ) کو ظاہر کرتا ہے۔ نقشے میں درخت، دیوار، دروازے، کھڑکیوں اور کمروں کی نشاندہی کی گئی ہے۔

**یہ کیجئے**

نقشے پر غور کیجیے اور جواب دیجیے

- بڑے کمرے میں کتنی کھڑکیاں ہیں؟ __________
- گھر کے دائیں جانب کتنے درخت ہیں؟ __________
- چھوٹے کمرہ میں کتنے دروازے ہیں؟ __________
- دیئے گئے نشان کے آگے اُن کے نام لکھیے؟ __________




__________ __________ __________ __________

- گھر میں کل کتنے کمرے ہیں؟ __________

## رخسار کا کمرہ

اب رخسار اپنے کمرے کے فرش کا نقشہ (فلور میاپ) بنانے کا فیصلہ کرتی ہے۔ نقشے کا مشاہدہ کیجئے۔




یہ نقشے "فرش کے نقشے" کہلاتے ہیں

SCERT TELANGANA

**یہ کیجئے**

1۔ رخسار کے بنائے گئے نقشے کو دیکھتے ہوئے ذیل میں دی گئی اشیاء کی شکل بنائیے


کرسی　　　پلنگ　　　دروازہ

2۔ آپ کی کمرہ جماعت کا جائزہ لے کر اس کے فرش کا نقشہ تیار کیجیے۔ یہ خیال رکھئے کہ کمرے کا اگلا حصہ کاغذ کے نچلی جانب میں ہو۔آپ کے فرش کے نقشے میں حسب ذیل اشیا کو نشانات سے ظاہر کیجیے۔

تختہ سیاہ، وہ مقام جہاں ٹیچر کھڑے رہتے ہیں، مقام جہاں بچّے بیٹھتے ہیں، دروازے اور کھڑکیاں۔

**یہ کیجئے**

کیا آپ دیئے گئے فرش کے نقشے کو گھر کی مناسبت سے جوڑ سکتے ہیں؟




SCERT TELANGANA



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لئے ہے

# اسکول کے راستہ کا نقشہ

اسکول میں ایک نئے لڑکے ندیم نے داخلہ لیا ہے، وہ پہلی مرتبہ اس اسکول کو آیا ہے۔ وہ اسکول سے گھر کا راستہ نہیں جانتا۔ لہذا ٹیچر نے اس کی مدد کے لئے ایک نقشہ اُتار کر اس کو دیا۔




## یہ کیجئے

خالی جگہوں کو پُر کرتے ہوئے ندیم کی اسکول سے گھر تک کے راستے کی رہنمائی کیجئے۔

اسکول سے باہر آ کر سڑک پر ______ جانب مڑیئے اور آگے بڑھتے ہوئے


______ جانب مڑ کر آگے بڑھتے چلے جائیں، آپ کو ایک کنواں نظر آئے گا وہاں سے

______ جانب مڑیئے۔ تیسرا مکان ندیم کا ہے۔

SCERT TELANGANA

## یہ کیجئے

شمال




مغرب

مشرق

جنوب

1. اوپر دیئے گئے نقشے پر غور کیجیے

(a) اگر آپ سینما سپریم سے اسٹار ہوٹل کی طرف جاتے ہیں تو چوہان رسٹورنٹ کس جانب واقع ہوگی؟

(a) سلیم سلور جم کے پاس ہے اس کو جم سے ورشا ہاسپٹل کے ایمرجنسی روم کا راستہ بتائیے۔

SCERT TELANGANA